عصر یا مغرب کے وقت غسل کرنے کا حکم

مجیب: مولانا محمد ابو بکر عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3420

تاریخ اجراء: 21 جمادی الاخرٰی 1446ھ /24 دسمبر 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

میرا یہ سوال ہے کہ عصر یا مغرب کے وقت غسل اتار سکتے ہیں یا نہیں؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

جی ہاں! عصر یا مغرب کے وقت بھی غسل کر سکتے ہیں کہ شریعت مطہرہ میں غسل کا کوئی مخصوص وقت یا کوئی ممنوع وقت نہیں ہے۔ بلکہ اگر غسل فرض ہو تو چاہیے کہ بلا عذر تاخیر نہ کرے، جلد از جلد غسل کر لے کہ جنبی کے پاس رحمت کے فرشتے نہیں آتے، ہاں اگر وہ غسل یا وضو کر لے تو فرشتوں کے آنے کی رکاوٹ ختم ہو جاتی ہے۔ اور اگر اتنی دیر ہو گئی کہ نماز کا آخری وقت آ گیا تو فوراً نہانا فرض ہے تا کہ نماز قضا نہ ہو۔

جنبی کے پاس رحمت کے فرشتے نہیں آتے، نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "إن الملائكة لا تحضر جنازة كافر بخير، ولا جنبا حتى يغتسل أو يتوضأ وضوءه للصلاة" ترجمہ: بے شک فرشتے کافر مردے کے پاس بھلائی کے ساتھ حاضر نہیں ہوتے اور جنبی شخص کے پاس بھی نہیں آتے جب تک وہ غسل نہ کر لے یا نماز جیسا وضو نہ کر لے۔ (مصنف عبد الرزاق، رقم الحديث 1087، ج 1، ص 281، المجلس العلمي، الهند)

جنبی جب وضو کر لے، تو رحمت کے فرشتوں کے آنے کی رکاوٹ ختم ہو جاتی ہے، اس کے متعلق علامہ عبد الرؤوف مناوی علیہ الرحمۃ لکھتے ہیں: "**(فيتوضأ)** فإنه إذا فعل ذلك لم تنفر الملائكة عنه ولم تمتنع عن دخول بيت هو فيه" ترجمہ: (جنبی شخص جب غسل سے پہلے کھانا یا سونا چاہے) تو وہ وضو کر لے کہ جب وہ یہ (یعنی وضو) کر لیتا ہے تو فرشتے اس سے دور نہیں جاتے اور جس گھر میں وہ ہو، وہاں داخل ہونے سے بھی نہیں رکتے۔ (فیض القدیر، ج 3، ص 325، مطبوعہ مصر)

بہار شریعت میں ہے ”جس پر غسل واجب ہے اسے چاہیے کہ نہانے میں تاخیر نہ کرے۔ حدیث میں ہے جس گھر میں جنب ہو اس میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے اور اگر اتنی دیر کرچکا کہ نماز کا آخر وقت آگیا تو اب فوراً نہانا فرض ہے، اب تاخیر کریگا، گنہگار ہو گا اور کھانا کھانا یا عورت سے جِماع کرنا چاہتا ہے تو وضو کرلے یا ہاتھ مونھ دھولے، کلی کرلے اور اگر ویسے ہی کھاپی لیا تو گناہ نہیں مگر مکروہ ہے اور محتاجی لاتا ہے۔(بہار شریعت، ج1، حصہ2، ص325،326، مکتبۃ المدینہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net